# (مصنف کافیہ کا تعارف)

آپ کا اسم گرامی عثمان کنیت ابو عمرو لقب جمال الدین ہے اور والد کا اسم گرامی عمر ہے۔ آپ کی کنیت ابو عمرو ہے لیکن باوجود اس کے آپ ابن حاجب کے نام سے معروف ہوئے حافظ ذہبی نے اس کی وجہ یوں بیان کی کہ آپ کے والد اس وقت کے ایک بادشاہ امیر عزّ الدین کے ہاں دربان تھے دربان کو عربی میں حاجب کہتے ہیں پس اس لیے آپ ابن الحاجب کے نام سے مشہور ہوئے۔

آپ علیہ الرحمہ کا سلسلہ نسب:

آپ علیہ الرحمہ کا سلسلہ نسب کچھ یوں بیان کیا جاتا ہے

جمال الدین ابو عمرو عثمان بن عمر بن ابی بکر بن یونس

## (سن ولادت و جائے ولادت)

ابن الحاجب علیہ الرحمہ کی ولادت باسعادت مصر کے صوبہ قوصلیہ کی بستی اسناء میں 570 ہجری میں ہوئی اسی لیے آپ کو مصری بھی کہتے ہیں۔

## (☆تحصیل علم☆)

ابن الحاجب امام مالک علیہ الرحمہ کے مقلد تھے آپ علیہ الرحمہ نے قاہرہ میں ابتدائی تعلیم کی تحصیل کی اور فخالم لاہلی میں فقہ مالکی کی تحصیل بھی کی

آپ علیہ الرحمہ کے اساتذہ میں امام شاطبی علیہ الرحمہ
(جنکی تاریخ وفات 590 ہجری ہے) اور ماہر قانون
ابو منصور انباری شامل ہیں۔

## (تدریس)

ابن الحاجب نے تدریس کا شغل اختیار کیا چنانچہ آپ
تدریس کے لیے قاہرہ سے دمشق تشریف لے گئے جہاں
جامع اموی کے زاویہ مالکی میں تعلیم دینے پر مامور ہوئے
اور ایک عرصے تک فقہ مالکی کی تعلیم دیتے رہے۔

## (آپ علیہ الرحمہ کا قوت حافظہ)

بعض تجزیہ نگاروں نے لکھا ہے کہ حضرت ابن الحاجب
ایک مرتبہ کشتی میں سفر فرما رہے تھے کشتی میں ایک صاحب
ایسے تھے کہ ان کے پاس ایک قلمی کتاب تھی آپ نے
ان سے کتاب لے کر مطالعہ فرمایا کتاب میں بہت ساری
غلطیاں تھیں اس لیے آپ نے اسے دریا میں ڈبو دیا
جس سے صاحب کتاب کو بہت رنج ہوا اس نے کہا
کہ آپ نے میری برسوں کی محنت پر پانی پھیر دیا
آپ کو مطالعہ کا حق تھا ڈبونے کا نہیں۔ آپ نے فرمایا
اگر تمہیں کتاب چاہیئے تو میں پڑھتا جاتا ہوں تم لکھتے جاؤ
چنانچہ آپ نے پوری کتاب لکھوا دی (سبحان اللہ)

## (آپ علیہ الرحمہ کا مقام و مرتبہ)

عظیم مورخ ابن خلکان فرماتے ہیں آپ مخلوق میں
سب سے زیادہ ذہین و فطین آدمی تھے۔ علامہ جامی علیہ الرحمہ
فرماتے ہیں شرق اور غرب میں مشہور ترین عالم دین تھے

Day: M T W T F S (وصال پُرملال) Date: __/__/20

آخر میں مستقل قیام کے ارادے سے اسکندریہ آئے کچھ ہی دنوں کے بعد 26 شوال المکرم 646 ہجری بروز جمعرات آپ کا انتقال ہوا

## (تصانیف)

ابن حاجب رحمہ اللہ نے صرف و نحو، علم و عروض اور فقہ مالکی پر تصنیفات کی ہے لیکن ان کی زیادہ شہرت نحوی اعتبار سے ہے آپ نے کثیر کتب تصنیف فرمائیں جو تحقیق و دقیق میں بے مثال ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

1) الکافیہ فی النحو
2) الشافیہ فی الصرف
3) المختصر فی الاصول
4) جمال العرب فی علم الادب
5) المقصد الجلیل فی علم الخلیل
6) الامالی النحویہ
7) جامع الامھات

اللہ پاک کی مصنف علیہ الرحمہ پر کروڑوں رحمتیں ہوں اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو
آمین بجاہ النبی الکریم

Scanned with CamScanner

ہمارے طلبہ و مدرسین کے لئیے مفید ترین چینل و گروپ

## ٹیلی گرام گروپ

درس نظامی کتب فقط ● مبلغین و مقررین بیانات کتب

● درسی کتب کی عبارت پر بحث و مباحثہ صرفی و نحوی تکرار

روحانی وظائف گروپ ٹیلی گرام

فیس بک پیج DarseNizamiCourseonline

## درس نظامی یوٹیوب چینل

وٹس ایپ گروپ

بکس آف سنی بریلوی کتب ● السواد الاعظم صرف علماء اہلسنت کے لئیے

رابطہ نمبر 03057875139 +923125175682

مولانا عبدالعزیز المدنی عطاری

Scanned with CamScanner




Scanned with CamScanner

# درس نظامی

## آن لائن کورس

ہمارے YouTube چینل درس نظامی کو subscribe ضرور فرمائیں

Scanned with CamScanner

DarseNizami
YouTube Chainal

Scanned with CamScanner